سوال

عشاء کے بعد نماز قیام اللیل ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جو شخص نماز عشاء کی نماز کے فوراً بعد گیارہ رکعت وتر پڑھ لیتا ہے۔ اسے بھی قیام اللیل میں شمار کیا جائے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قیام اللیل وہ ہے جسے رات کے دو تین گھنٹے گزرنے کے بعد ادا کیا جائے خواہ رکعات کی تعداد زیادہ ہو یا کم خواہ اسے عشاء سے پہلے رات کے ابتدائی حصے میں ادا کیا جائے یا فجر سے پہلے رات کے آخری حصے میں لیکن افضل یہ ہے کہ سو کر اٹھنے کے بعد رات کی آخری تہائی میں اسے ادا کیا جائے۔ اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ رات کے ابتدائی حصہ میں انسان جلدی سو جائے!

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص452

محدث فتویٰ